
# فیملی گائیڈ برائے NYS ارلی چائلڈ ہڈ سروسز - قبل از پیدائش سے لے کر 5 سال کی عمر تک

نیو یارک اسٹیٹ میں بچوں کو ارلی چائلڈ ہڈ سروسز سے منسلک اور مربوط کرنے کے لیے خاندانوں کے لیے ایک وسیلہ گائیڈ



## گھر کا دورہ (قبل از پیدائش – 5)

گھر کا دورہ کرنے والے حاملہ خواتین اور نومولود سے لے کر 5 سال تک کی عمر کے بچوں والے خاندانوں کو مدد فراہم کرتے ہیں اور بچوں کی صحت مند نشوونما کو فروغ دیتے ہیں۔ آپ کے خاندان کو بغیر کسی معاوضے کے گھر کے دورے کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ اپنے نزدیک ہوم وزٹنگ پروگرام تلاش کرنے کے لیے:



ہوم وزٹنگ پروگرامز خاندانوں کو کمیونٹی کے درج ذیل جیسے وسائل سے جوڑتے ہیں:

- طبی، دانتوں کی اور ذہنی صحت کی خدمات
- نگہداشت اطفال
- ارلی ہیڈ اسٹارٹ اور ہیڈ اسٹارٹ
- ارلی انٹروینشن سروسز
- خوراک، رہائش اور روزگار

## ارلی انٹروینشن

**(0 تا 3 سال)**

ہر کاؤنٹی میں ارلی انٹروینشن پروگرام (Early Intervention Program, EIP) ہوتا ہے تاکہ 3 سال تک کی عمر کے نونہالوں اور چھوٹے بچوں کی پیدائشی معذوری اور نشوونما کی تاخیر میں مدد کی جا سکے۔ اہل خاندانوں کو بغیر کسی معاوضے کے خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ اس ویب سائٹ پر اپنی کاؤنٹی کا فراہم کنندہ یہاں تلاش کریں:

**www.bit.ly/earlyinterventionnys**

**حوالہ**

خاندان کے کسی رکن یا فراہم کنندہ نے ارلی انٹروینشن پروگرام سے رابطہ کیا ہے۔

**ابتدائی سروس کوآرڈینیٹر**

EIP کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے کوآرڈینیٹر کنبہ سے رابطہ کرتا ہے۔

**تشخیص**

خاندان فراہم کنندہ سے مل کر اہلیت کا تعین کرتا ہے۔

**IFSP میٹنگ**

اگر کوئی خاندان اہل ہے، تو خاندان کے ساتھ ایک تحریری منصوبہ تیار کیا جاتا ہے جسے انفرادی فیملی سروس پلان (Individualized Family Service Plan, IFSP) کہا جاتا ہے۔

**ارلی انٹروینشن سروسز**

EIP خدمات گھر یا نگہداشت اطفال کے مقام پر فراہم کی جا سکتی ہیں، جہاں بھی بچہ ہو۔

IFSP کا ہر 6 ماہ بعد جائزہ لیا جاتا ہے۔

**IFSP جائزہ**

آپ کے بچے کا ہر سال دوبارہ جائزہ لیا جاتا ہے۔

**میں منتقلی**

**ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن یا پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن**

**ارلی انٹروینشن سروسز کی مثالوں میں درج ذیل شامل ہیں:**

- اسپیچ تھراپی
- جسمانی تھراپی
- پیشہ ورانہ تھراپی
- خاندانی مشاورت

## ہیڈ اسٹارٹ (عمر 0 تا 5)

ہیڈ اسٹارٹ اور ارلی ہیڈ اسٹارٹ اہل خاندانوں کو اپنے اہداف تک پہنچنے میں مدد کے لیے خدمات اور معاونت پیش کرتے ہیں۔ یہ پروگرامز پورے دن، آدھے دن اور گھر کا دورہ کرنے کے اختیارات خاندانوں کو بغیر کسی معاوضے کے پیش کرتے ہیں۔ اپنے نزدیک پروگرام تلاش کرنے کے لیے ملاحظہ کریں:

**www.bit.ly/headstartprograms**





**ہیڈ اسٹارٹ تعاون کرتا ہے**

ابتدائی تعلیم • صحت • ذہنی صحت
خصوصی تعلیم • خاندانی فلاح و بہبود

## نگہداشت اطفال

**(عمر 6 ہفتے سے 12 سال تک)**



NYS آفس آف چلڈرن اینڈ فیملی سروسز (Office of Children and Family Services, OCFS) اس بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے:

- نگہداشت تلاش کرنا
- نگہداشت کے لیے ادائیگی کرنا

ویب سائٹ میں مفید ویڈیوز اور ہینڈ آؤٹس اور مقامی نگہداشت اطفال کے وسائل اور حوالہ کی ایجنسی کے رابطے شامل ہیں۔

### نگہداشت اطفال طلب کرنے کے لیے

1. **اسٹارٹ ارلی**
اپنے خاندان کے لیے صحیح نگہداشت اطفال تلاش کرنے میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔ جب آپ حاملہ ہوں تب بھی دیکھنا چاہیے۔ آپ نگہداشت اطفال تلاش کرنے کے لیے NYS پیرنٹ پورٹل پر دیکھ سکتے ہیں:
**www.nysparenting.org**

2. **اپنے مقامی CCR&R کو کال کریں**
اپنے علاقے میں پروگراموں کے بارے میں معلومات کے لیے اپنے مقامی چائلڈ کیئر ریسورس اینڈ ریفرل ایجنسی سے رابطہ کریں۔ فہرست OCFS کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہے:
**www.bit.ly/ChildCareReferral**

3. **نگہداشت کی ادائیگی میں مدد** کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ نگہداشت اطفال کی ادائیگی میں مدد کے لیے مالی امداد حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں؟ مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی CCR&R سے پوچھیں یا یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں:
**www.bit.ly/ChildCareFunds**

4. **ملاحظہ کریں اور سوالات پوچھیں** ملاحظہ کرنا آپ کے بچے اور خاندان کے لیے موزوں ترین کا فیصلہ کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔ آپ کے لیے جو اہم ہے اس کی فہرست بنائیں۔



### QUALITYstarsNY (QSNY)

NYS QSNY معیار کی درجہ بندی اور بہتری کا ایک ایسا نظام ہے جو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ ابتدائی نگہداشت اور تعلیم کے پروگراموں میں چھوٹے بچوں کو برتری تک رسائی حاصل ہو اور ان کے خاندان اپنے منتخب کردہ پروگراموں کے معیار پر بھروسہ کر سکیں۔

**www.qualitystarsny.org**




## ریاست کی طرف سے فنڈ یافتہ پری کنڈرگارٹن

**(عمر 3 تا 4)**

پری کنڈرگارٹن بچوں کی اسکول کی تیاری کرنے میں مدد کرتا ہے۔ پروگرام آپ کے مقامی اسکول ڈسٹرکٹ یا کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کے ذریعے آپ کے خاندان کو بغیر کسی معاوضے کے پیش کیے جاتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی اسکول ڈسٹرکٹ سے رابطہ کریں۔

**www.bit.ly/earlylearningnys**

## پری اسکول کی خصوصی تعلیم

**(عمر 3 تا 5)**

پری اسکول کی خصوصی تعلیم پری اسکول کے شناخت شدہ معذور طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خدمات فراہم کرتی ہے۔ خدمات آپ کے مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کے ذریعے آپ کے خاندان کو بغیر کسی معاوضے کے فراہم کی جاتی ہیں۔

**www.bit.ly/specialednys**



**پری اسکول اسپیشل ایجوکیشن میں انفرادی تعلیمی پروگرام اور سالانہ جائزہ شامل ہے:**

1. **IEP**
آپ کے بچے کی ضروریات اور اہداف کو پورا کرنے کے لیے ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) تیار کیا گیا ہے۔

2. **سالانہ جائزہ**
ہر سال، آپ کے بچے کی ترقی کا جائزہ لینے اور اگلے سال کے اہداف کا فیصلہ کرنے کے لیے ایک میٹنگ منعقد کی جاتی ہے۔

# فیملی گائیڈ برائے NYS ارلی چائلڈ ہڈ سروسز - قبل از پیدائش سے لے کر 5 سال کی عمر تک

نیو یارک اسٹیٹ میں بچوں کو ارلی چائلڈ ہڈ سروسز سے منسلک اور مربوط کرنے کے لیے خاندانوں کے لیے ایک وسیلہ گائیڈ

## فیملی سپورٹ

### بامعاوضہ فیملی چھٹی

NYS محفوظ ملازمت، نئے بچے کے ساتھ بانڈ کے لیے بامعاوضہ چھٹی، صحت کی سنگین حالت والے کسی عزیز کی نگہداشت، یا جب کسی کو بیرون ملک فعال فوجی خدمت میں بلایا جاتا ہے تو خاندان کے دباؤ کو دور کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ ہیلپ لائن کو **1.844.337.6303** پر کال کریں یا **www.bit.ly/paidleavenys** ملاحظہ کریں۔

### NYS محکمہ خارجہ، دفتر برائے نئے امریکی باشندگان

تمام تارکین وطن کو مفت خدمات فراہم کرتا ہے اور اس میں کمیونٹی نیویگیٹرز، افرادی قوت کی ترقی، موبائل پر انگریزی زبان سیکھنے کی اور قانونی خدمات شامل ہیں۔ **1.800.566.7636** پر کال کریں یا ملاحظہ کریں **www.bit.ly/onanys**

### NYS دفتر برائے عارضی اور معذوری میں معاونت، پناہ گزینوں کے پروگرام کے لیے بہتر خدمات

نئے آنے والے پناہ گزین خاندانوں کو زبان کی تربیت، صحت کی خدمات اور ملازمت جیسی خدمات حاصل کرنے میں مدد کرتا ہے۔ **518.402.3096** پر کال کریں یا **www.bit.ly/rsnys** ملاحظہ کریں

### رشتہ داروں کی نگہداشت

اپنی ویب سائٹ **www.nysnavigator.org** اور ٹول فری نمبر **1.877.454.6463** کے ذریعے معلومات، حوالہ جات اور مدد فراہم کرتا ہے۔

### پریونٹ چائلڈ ابیوز NY

والدین کو مدد اور وسائل پیش کرتا ہے، بشمول والدین کی ہیلپ لائن۔ **1.800.244.5373** پر کال کریں یا ملاحظہ کریں **www.preventchildabuseny.org**

## نشوونما سے متعلق معذوری

### پیرنٹ ٹو پیرنٹ NYS

ان خاندانوں کو بااختیار بناتا ہے جو نشوونما کی معذوری والے بچوں کی نگہداشت کرتے ہیں۔ **1.800.305.8817** پر کال کریں یا **www.parenttoparentnys.org** ملاحظہ کریں

### فیملیز ٹوگیدر آف NYS

سماجی، جذباتی اور طرز عمل سے متعلق مسائل والے خاندانوں اور بچوں کی مدد کرتا ہے۔ **518.432.0333** پر کال کریں یا **www.ftnys.org** ملاحظہ کریں

## ذہنی صحت

### NYS دفتر برائے ذہنی صحت

آپ کو ولادت کے وقت ڈپریشن، بچوں کی ذہنی صحت اور آپ کے خاندان کے لیے دیگر سماجی جذباتی ضروریات کے لیے مقامی وسائل اور خدمات سے جوڑتا ہے۔ اگر بحران میں ہیں تو، آپ گمنام طور پر **GOT5** لکھ کر **741741** پر میسیج کریں۔ آپ **1.800.273.TALK (8255)** پر بھی کال کر سکتے ہیں یا **www.bit.ly/mentalhealthnys** ملاحظہ بھی کر سکتے ہیں۔

### نیو یارک کا پوسٹ پارٹم ریسورس سنٹر

اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ خاندانوں کو پیدائش کے بعد ضروری ذہنی صحت کی خدمات حاصل ہوں۔ ہیلپ لائن کو **1.855.631.0001** پر کال کریں یا ملاحظہ کریں **www.postpartumny.org**

## نشے کی لت چھڑانے میں مدد

### NYS آفس آف ایڈکشن سروسز اینڈ سپورٹ

اگر آپ یا آپ کا کوئی عزیز مشکلات کا سامنا کر رہا ہے، تو آپ 24 گھنٹے، ہفتہ کے ساتوں 7 دن **1.877-8-HOPENY (1.877.846.7369)** پر کال کر کے یا **HOPENY** (مختصر کوڈ) لکھ کر **467369** پر میسج کریں۔ نشہ کے علاج، بحران/سم ربائی، داخل مریض، رہائشی، یا بیرونی مریضوں کی نگہداشت کے لیے **FindAddictionTreatment.ny.gov** یا **www.bit.ly/oasasnys** ملاحظہ کریں

## صحت اور سلامتی

### گھریلو تشدد

### NYS دفتر برائے گھریلو تشدد کی روک تھام

اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا گھریلو تشدد کا شکار ہے اور مدد، ہنگامی پناہ گاہ یا معلومات چاہتے ہیں، تو اپنی کمیونٹی میں گھریلو تشدد کے پروگرام کو کال کریں۔ **www.bit.ly/dvhelpnys** یا NYS گھریلو اور جنسی تشدد کی ہاٹ لائن کو اس نمبر پر کال کریں: **1.800.942.6906**، انگریزی اور ہسپانوی/ کثیر زبان تک رسائی۔ بہرا یا سماعت سے محروم: **711**۔

### گروئنگ اپ ہیلدی ہاٹ لائن

نگہداشت صحت، غذائیت، اور دیگر خاندانی ضروریات کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ انگریزی، ہسپانوی اور دیگر زبانوں میں دن کے 24 گھنٹے، ہفتہ کے ساتوں دن دستیاب ہے۔ تمام کالیں خفیہ ہوتی ہیں۔
**1.800.522.5006**

### Medicaid + Child Health Plus

اگر آپ کچھ مالی ضروریات کو پورا کرتے ہیں تو آپ کا خاندان Medicaid یا CHP کا اہل ہو سکتا ہے۔ NY اسٹیٹ آف ہیلتھ مارکیٹ پلیس کے ذریعے، یا درج ذیل نمبر پر Medicaid یا CHP ہیلپ لائن کو کال کر کے درخواست دیں **1.800.698.4KIDS**

### NY اسٹیٹ آف ہیلتھ مارکیٹ پلیس

کم لاگت والے معیاری صحت بیمہ منصوبہ میں خریداری، موازنہ اور اندراج کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے آن لائن وسائل۔ **www.nystateofhealth.ny.gov**

### ڈینٹل سروسز اور وسائل

قبل از پیدائش اور بچپن میں منہ کی صحت کے لیے وسائل تلاش کریں۔ **1.855.355.5777** TTY **1.800.662.1220** پر کال کریں یا **www.bit.ly/dentalnys** ملاحظہ کریں

### چوٹ سے بچاؤ

SAFE KIDS NY ایک ایسی تنظیم ہے جو بچوں کو زخمی ہونے سے بچانے کے لیے کام کرتی ہے اور اس نے مقامی اتحاد قائم کر رکھا ہے۔ **516.881.7000** پر کال کریں یا **www.bit.ly/safekidsnys** ملاحظہ کریں

## بنیادی ضروریات
## (کھانا، لباس، رہائش)

### WIC (خواتین، شیر خوار بچوں اور اس سے بڑے بچوں کے لیے خصوصی اضافی غذائیت کا پروگرام)

WIC کوالیفائی کرنے والے شیر خوار بچوں، دیگر بچوں، اور حاملہ خواتین، دودھ پلانے والی یا حال ہی میں بچہ پیدا کرنے والی خواتین کی اچھی صحت کو فروغ دیتا ہے اور مدد فراہم کرتا ہے۔ **www.bit.ly/wicnys**



### SNAP
### (اضافی غذائی امدادی پروگرام)

SNAP آپ اور آپ کے خاندان کے لیے صحت بخش خوراک خریدنے میں مدد کرتا ہے۔ **www.bit.ly/snapnys**

### HEAP (ہوم انرجی اسسٹنس پروگرام)

HEAP آپ کے گھر میں فراہم شدہ نظام حرارت کی قیمت ادا کرنے میں مدد کرتا ہے۔
**www.bit.ly/heapnys**

### علاقائی فوڈ بینک

اپنی مقامی فوڈ پینٹری سے جڑنے میں مدد کے لیے NYS محکمہ صحت کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔
**www.bit.ly/foodbanknys**

### پناہ گاہ سے متعلق مدد

اگر آپ فی الحال بے گھر ہیں یا بے گھر ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں، تو اپنے مقامی محکمہ سماجی خدمات سے اس ویب سائٹ کے ذریعے رابطہ کریں
**www.bit.ly/housingnys**

### 211nys

**211** ایک ایسا فون نمبر ہے جسے یاد رکھنا آسان ہے جو NY خاندانوں کو بنیادی ضروریات اور مدد سے مربوط کرنے میں مدد کرتا ہے

**تعاون کا پروگرام، صحت بیمہ اور ٹیکس کریڈٹ کی معلومات کے لیے اہلیت اور اندراج* https://mybenefits.ny.gov/mybenefits/begin *پر حاصل کیا جا سکتا ہے۔*

## NYS پیرنٹ پورٹل
**WWW.NYSPARENTING.ORG**

Download on the App Store | GET IT ON Google play

**والدین کو درج ذیل کے بشمول، فیملی کے موافق ویب سائٹس سے جوڑتا ہے:**

- NYS پیرنٹ گائیڈ
- NYS چائلڈ کیئر اینڈ آفٹر اسکول پروگرام لوکیٹر
- متعدد سسٹمز نیویگیٹر
- ہر طالب علم حاضر ہے



## مقامی رابطے

**ماہر امراض اطفال:**

**WIC سنٹر:**

**فوڈ پینٹری:**

**ہوم وزٹنگ پروگرام:**

**چائلڈ کیئر ریسورس اینڈ ریفرل ایجنسی:**

**کاؤنٹی ارلی انٹروینشن:**

**ارلی ہیڈ اسٹارٹ / ہیڈ اسٹارٹ کوآرڈینیٹر:**

**اسکول ڈسٹرکٹ:**

**صحت بیمہ کے لیے سائن اپ کریں:**
**www.nystateofhealth.ny.gov**
**1.800.541.2831**

**پوائزن کنٹرول:**
**1.800.222.1222**

**کرائسز ٹیکسٹ لائن:**
**"Got5" لکھ کر 741-741**

نظر ثانی شدہ 11/2021

امریکی محکمہ صحت اور انسانی خدمات، بچوں اور خاندانوں کی انتظامیہ، دفتر برائے نگہداشت اطفال کے گرانٹ نمبر 90TP005902 سے تعاون یافتہ۔ اس کے مشمولات مکمل طور پر مصنفین کی ذمہ داری ہے اور یہ ضروری نہیں ہے کہ اس سے دفتر برائے نگہداشت اطفال، بچوں اور خاندانوں کی انتظامیہ یا امریکی محکمہ صحت اور انسانی خدمات کے سرکاری خیالات کی نمائندگی ہوتی ہو۔